## خلق خدا کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے، طارق میر

## محبان پاکستان کے تحت نوجوانوں کی فلاحی اور سماجی سرگرمیوں کے حوالہ سے ایک فورم تشکیل دیا جائے گا

## دبئی میں محبان پاکستان کے تحت طلباء وطالبات کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔10، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن طارق میر نے کہا ہے کہ خلق خدا کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور محبان پاکستان کے ارکان دکھی انسانیت کی خدمت میں بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز متحدہ عرب امارات کی ریاست دبئی میں محبان پاکستان کے زیراہتمام خلیجی ریاستوں میں مقیم طلباء وطالبات کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے آرگنائزر راے ہدا خان، مرکزی ایڈہاک کمیٹی کے ارکان حسیب الرحمان، محسن فہیم، محمد اسلم، مشکور فاروقی اور محمد قسیم بھی موجود تھے۔تقریب میں مقامی زرعونی گروپ کے چیئرمین سہیل زرعونی نے خصوصی شرکت کی ۔طارق میر نے طلباء وطالبات کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کے انعقاد پر محبان پاکستان کے ذمہ داران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان طبقہ، پاکستان کا مستقبل ہے اور جو قوم زیور علم سے آراستہ نہیں ہوتی وہ ہمیشہ پسماندگی کا شکار رہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ خلق خدا کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور محبان پاکستان دکھی انسانیت کی خدمت میں بھرپور کردار ادا کررہا ہے۔انہوں نے محبان پاکستان کے ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ نوجوان طبقہ کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے آگاہ کریں۔ تقریب سے محبان پاکستان کے آرگنائزر راے ہدا خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عنقریب محبان پاکستان کے تحت نوجوانوں کی فلاحی اور سماجی سرگرمیوں کے حوالہ سے ایک فورم تشکیل دیا جائے گا اور پانچ مستحق بچوں کو اسکالرشپ بھی دی جائے گی۔

## ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن عبدالفہیم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن عبدالفہیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن عبدالفہیم، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے جوائنٹ یونٹ انچارج عبدالرشید کے والد محمد شریف، ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن احمد علی کے والد سید حسن علی، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن سلمان شاہد عرشی کے والد شاہد حسین اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن عثمان احمد کی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆